Urdu - ICOM Part 1 Urdu Chapter 14 Short Questions Preparation

Q1. ہماری ضیافتوں میں میزبان کے اخلاص کا اندازہ کس بات سے لگایا جاتا ہے.

Ans 1: میزبان کے اخلاس اور ایثار کا اندازہ مرغیوں اور مہمانوں کی تعداد اور ان کے تناسب سے لگایا جاتا ہے.

Q2. مصنف نے کتنے عرصہ مرغیوں کی عادات اور خصائل کا مطالعہ کیا.

Ans 1: مصنف نے اٹھارہ ماہ مرغیوں کی عادات اور خصائل کا مطالعہ کیا

Q3. مصنف کے نزدیک انڈے پکانے کے کتنے طریقے ہیں.

Ans 1: مصنف کے نزدیک انڈے پکانے کے تین طریقے ہیں ، عاملیٹ، نیم پرشت اور تلا ہوا

Q4. انڈے کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے.

Ans 1: یوسفی صاحب کے بقول انڈے کی سب سے بڑی خوبی یہ کہ پھوہڑ سے پھوہڑ عورت کسی طرح سے پکائے مزے دار پکے گا.

Q5. مصنف کے نزدیک وہ کون سی سنگین غلط فہمی ہے جس میں عوام و خواص مبتلا ہیں.

Ans 1: مصننف کے نزدیک عوام و خواص ایک سنگین غلط فہمی کا شکار ہیں کہ مرغیاں دڑبے اور ٹاپے میں رہتی ہیں.

Q6. تعلیم یافتہ افراد اور اردو شعراء کس خوش فہمی میں مبتلا ہیں.

Ans 1: تعلیم یافتہ افراد اور اردو شعراء اس لیے اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ مرغ صرف صبح آزان دیتا ہے.

Q7. ایک اعلی نسل کی مرغی سال میں کتنے انڈے دیتی ہے.

Ans 1: ایک اعلی نسل کی مرغی سال میں اوسطا دو سے ڈھائی سو تک انڈے دیتی ہے

Q8. مرغ ادبداکر کس وقت اذان دیتا ہے.

Ans 1: مصنف کے بقول مرغ اوبدا کر اس وقت ازان دیتا ہے جب خدا کے گنہگار بندے خواب غفلت میں پڑے ہوں.

Q9. مرغ کی آواز اور اس کی جسامت میں کیا تناسب ہے.

Ans 1: مرغ کی اواز اور اس کی جسامت میں ایک اور سو کا تناسب ہے

Q10. مشتاق احمد یوسفی کے دوست کا نام کیا ہے.

Ans 1: مشتاق احمد یوسفی کے دوست کا نام مرزا عبدالودود ہے.
